Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

اسلام آباد ہائیکورٹ کے سینئر جج جسٹس محسن اختر کیانی کے خلاف سپریم جوڈیشل کونسل میں دائر کردہ شکایت کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف نے جسٹس محسن اختر کیانی کے خلاف دائر شکایت کو ججز کو خوفزدہ کرنے کی حکومتی کوشش قرار دے دیا

عدالتی امور میں خفیہ اداروں کی مداخلت کا انکشاف کرنے والے معزز جج صاحبان کو دھمکی آمیز خطوط کی ترسیل کے بعد ایک مخصوص جج کے خلاف مِس کنڈکٹ کا ریفرنس عدلیہ مخالف منظم منصوبے کا شاخسانہ ہے، ترجمان تحریک انصاف

جسٹس محسن اختر کیانی کے خلاف لغو اور مضحکہ خیز الزامات پر مبنی ریفرنس کے ذریعے ججز کو سپریم جیوڈیشل کونسل کو بھجوائے گئے خط سے دستبردار ہونے کا پیغام دیا گیا ہے، ترجمان تحریک انصاف

اسلام آباد ہائیکورٹ کے ایک مخصوص جج کے خلاف مقامی وکیل کے ہاتھوں شکایت درج کروانے کے پیچھے وہی کردار ہیں جن کی عدلیہ پر حملہ آور ہونے کی سیاسی تاریخ سے قوم بخوبی واقف ہے، ترجمان تحریک انصاف

مرضی کے خلاف فیصلے دینے والے ججز کو اپنے گھٹیا پروپیگنڈے کا نشانہ بنانا سپریم کورٹ پر مسلح یلغار کرنے والے مافیا کا پرانا وطیرہ رہا ہے، ترجمان تحریک انصاف

تاریخ گواہ ہے کہ مجرموں کے اس ٹبر کے نشانے پر ہمیشہ وہ ججز رہے ہیں جنہوں نے آئین و قانون کو مقدم رکھتے ہوئے عدل و انصاف کے مطابق فیصلے لکھنے کی روایت کو زندہ رکھا ہے، ترجمان تحریک انصاف

ججز پر دباؤ اور عدلیہ میں مداخلت کے معاملے کی تحقیقات پر اثرانداز ہونے کیلئے ججز کو ہراساں کرنے کی ایک نئی مہم کا آغاز کردیا گیا ہے، ترجمان تحریک انصاف

بے مثال جرات اور دانشمندی کا مظاہرہ کرنے والے ججز کو دباؤ میں لانے کیلئے اس قسم کے اوچھے ہتھکنڈوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

چیف جسٹس اعلیٰ عدلیہ کے ججز کو براہِ راست اور بِالواسطہ ہراساں کرنے کے واقعات کا نوٹس لیتے ہوئے اس منظم مہم کے ذمہ داران کا تعین کریں، ترجمان تحریک انصاف

پاکستانی قوم اور تحریک انصاف عدلیہ کی خودمختاری اور آئین و قانون کی بالادستی کیلئے دستور و قانون پر ثابت قدم رہنے والے ججز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ